© rasailojaraid.com



صاحب نے کتب وصول کر کے شکریہ ادا کیا، اس موقع پر تجویز پیش کی کہ تلاوت ونعت کے ساتھ سیرت النبی ﷺ پر تقریری مقابلہ اور سیرت النبی ﷺ کوئز کے مقابلے بھی منعقد کرائے جائیں اور کالج میں ایم اے اسلامک اسٹڈیز کا اجراء کیا جائے، پرنسپل صاحب نے ڈاکٹر صلاح الدین ثانی و دیگر ججز کو سرٹیفکیٹ اور یادگاری شیلڈ پیش کی۔

## گورنمنٹ کالج برائے خواتین شاہراہ لیاقت میں بین الکلیاتی مقابلہ حسن قرأت ونعت

مذکورہ کالج کراچی کا معروف کالج ہے، جہاں ڈائریکٹریٹ کالجز اکثر تقریبات و اجلاس منعقد کرتے ہیں، پرنسپل صاحبہ نے حسب سابق مقابلے منعقد کئے اور قرأت کے مقابلے کے لئے راقم (چیف ایڈیٹر) کو جج مقرر کیا، اسی مناسبت سے راقم نے خطاب کیا، آخر میں پرنسپل کی جانب سے ''یادگاری ایوارڈ'' پیش کیا گیا۔

گورنمنٹ کالج برائے خواتین گلبہار چورنگی میں بین الکلیاتی مقابلہ حسن قرأت ونعت فروری ۲۰۱۲ء میں ہفتہ طالبات کے حوالہ سے پرنسپل کی جانب سے مقابلہ حسن قرأت ونعت منعقد کیا گیا اور راقم (چیف ایڈیٹر) کو جج کی حیثیت سے مدعو کیا گیا، پروفیسر سطوت صاحبہ صدر شعبہ کی حیثیت سے فرائض انجام دے رہی ہیں۔ تقریب بہت شاندار تھی راقم نے اسی مناسبت سے خطاب کیا۔ امید ہے اسی طرح یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔

## عبداللہ کالج برائے خواتین میں بین الکلیاتی مقابلہ حسن قرأت ونعت

یہ کراچی کا بڑا کالج ہے اور اس کا امتیاز یہ ہے کہ ہر سال یہاں مقابلے منعقد ہوتے ہیں، پابندی سے مجلّات شائع ہوتے ہیں اور فروری ۲۰۰۶ء سے ایم اے اسلامک اسٹڈیز و پولیٹکل سائنس کا سلسلہ بھی جاری ہے، یہ اعزاز دیگر کالجز کو حاصل نہیں ہے۔ سابق پرنسپل پروفیسر غلام زہرا صاحبہ اور اسٹاف کی جانب سے راقم (چیف ایڈیٹر) کو جج کی حیثیت سے ۲۲ فروری ۲۰۱۲ء کو مدعو کیا گیا اور سیرت نگاری ایوارڈ سے نوازا گیا۔ راقم پرنسپل و دیگر اساتذہ کا تہہ دل سے شکر گزار ہے۔

## قائد ملت گورنمنٹ کالج میں منعقدہ پروگرامز:

رپورٹ: ڈاکٹر سید شعیب اختر شاہین

قائد ملت کالج میں ہر سال سیرت النبی ﷺ کے علاوہ مشاہیر کے خصوصی ایام کی مناسبت سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۲۰۰۶ء سے تقریبات کا اہتمام کیا جاتا ہے، ۲۰۱۲ء میں کالج میں تقریب کا اہتمام کیا گیا، جس میں لیاقت آباد کے ممبر صوبائی اسمبلی سید شعیب احمد بخاری منسٹر سندھ مہمان خصوصی تھے۔ اس تقریب میں کالج مجلہ ''قائد'' (۳۵۰ صفحات) کی تقریب رونمائی بھی کی گئی۔ کراچی کے شام کے اوقات کے ۱۷ کالجز جنہیں بند کرنے کی سفارش کی جاچکی تھی، اور ایک ناسور بدنیت وکینہ پرور علم دشمن شخصیت جو پچھلے آٹھ سالوں سے اس خباثت میں مسلسل ملوث رہا، اس کے حوالہ سے بھی گفتگو ہوئی منسٹر صاحب نے اس سمری کے کفن دفن میں خصوصی دلچسپی لینے کا اعلان کیا اور الحمدللہ یہ کالج آج بھی فرائض انجام دے رہے ہیں۔

تقریبات کی تفصیلی رپورٹ یہ ہے۔

## لیاقت علی خان شہید رحمۃ اللہ علیہ با اصول محب وطن قائد تھے، ان کی یادگار ۴۵ سالہ قدیم قائد ملت کالج ہمیشہ قائم رہے گا۔ سید شعیب احمد بخاری منسٹر سندھ کا اعلان

سابق وزیر اعظم لیاقت علی خاں رحمۃ اللہ علیہ با اصول محبت وطن قائد تھے، جنہوں نے اپنی جان قربان کرنا گوارا کیا، لیکن پیچھے ہٹنا گوارا نہیں کیا۔ ملکی استحکام کے لئے ایسی ہی قیادت کی ضرورت ہے۔ آپ نے بتایا کہ ہائی اتھارٹی سے بات ہوگئی ہے، قائد ملت کالج اسی جگہ قائم و دائم رہے گا، اور اسے کبھی ختم نہیں ہونے دیا جائے گا، یہ اعلان سید شعیب احمد بخاری منسٹر سندھ نے یوم لیاقت علی خاں رحمۃ اللہ علیہ پر ''قائد ملت کالج'' میں بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔

قائد ملت کے سالانہ میگزین ''قائد ۱۳۔ ۲۰۱۲ء'' کی تقریب رونمائی کی اور مضامین لکھنے والے طلباء کو انعامات تقسیم کئے۔ شاندار مجلہ اور کالج کی ترقی پر پرنسپل، اساتذہ و طلباء کو مبارکباد پیش کی۔

قائد ملت کالج کے پرنسپل نے ذاتی ''مجلہ علوم اسلامیہ انٹرنیشنل'' کا مکالمہ بین المذاہب سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نمبر مہمانوں کو پیش کیا۔

جناب احمد سلیم صدیقی صاحب سابق منسٹر سندھ بانی (نئی عمارت) قائد ملت کالج نے جلسہ کی صدارت کرتے ہوئے فرمایا طلباء کو لیاقت علی خاں کی سوانح اور ان کی سیاست کا مطالعہ کرنا چاہئے اور فرمایا طلباء کو خود اپنے کالج کی حفاظت کرنی چاہئے۔ اس کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ کالج میں حاضری کو سو فیصد یقینی بنایا جائے، طلباء کی کثیر تعداد کی موجودگی پر پرنسپل کو مبارکباد پیش کی اور کالج میگزین میں مضامین لکھنے والے طلباء کو مبارکباد پیش کی۔ پروفیسر ممتاز اور پروفیسر سید سبط جعفر پرنسپل گورنمنٹ سائنس کالج نے لیاقت علی خاں کی حیات وخدمات پر روشنی ڈالی اور کالج کی ترقی کو سراہا۔

© rasailojaraid.com